وزیرِ اعظم کی بھوٹان کے چوتھے بادشاہِ معظم کی 70ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ تقریب میں شرکت (نومبر 11، 2025)

11 نومبر 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے بھوٹان کے چوتھے بادشاہ عزت مآب جگمے سنگئے وانگچک کی 70ویں سالگرہ کے موقع پر تھمپو کے چانگلیمیتھنگ اسٹیڈیم میں منعقدہ تقریب میں آج بھوٹان کے بادشاہ، شاہی خاندان، حکومت اور عوام کے ساتھ شرکت کی.اس موقع پر بھوٹان کے بادشاہ نے دہلی دھماکے کے متاثرین کی یاد میں اجتماعی دعا کی قیادت کی۔

2. وزیرِ اعظم نے اجتماع سے خطاب کیا اور بھارت کے عوام کی گرمجوش نیک تمنائیں بھوٹان کے چوتھے بادشاہِ معظم اور بھوٹان کے عوام تک پہنچائیں. انہوں نے ان کے عہدِ حکومت کی غیر معمولی تبدیلیوں کو اجاگر کیا، جس دوران بھوٹان ایک جدید قومی ریاست اور ایک آئینی جمہوری بادشاہت کے طور پر اُبھرا. چوتھے بادشاہ کی قیادت میں’ بھوٹان نے مجموعی قومی مسرت کے منفرد تصور کو متعارف کرایا، جس نے معاشی ترقی کو پائیداری کے ساتھ ہم آہنگ کیا ہے۔

3. وزیرِ اعظم نے بھوٹان کے چوتھے بادشاہِ معظم کا بھارت اور بھوٹان کے درمیان خصوصی دوستی میں اُن کی بیحد قیمتی خدمات کے لیے شکریہ ادا کیا. بھوٹان کے چوتھے بادشاہِ معظم نے برسوں کے دوران دوطرفہ تعاون کے تمام شعبوں میں بھارت۔بھوٹان شراکت داری کو ذاتی طور پر تشکیل دیا ہے. وزیرِ اعظم نے اس بات کا ظہار کیا کہ یہ تعلقات آئندہ بھی بھوٹان کے بادشاہِ معظم’ کی رہنمائی اور حکمت بھرے مشوروں سے فائدہ اٹھاتے رہیں گے.

4. وزیرِ اعظم نے بھوٹان کے بادشاہِ معظم کے وژن اور اُن کی ثابت قدم کاوشوں کی تحسین کی، جن کے ذریعے انہوں نے بھوٹان کے چوتھے بادشاہِ معظم کی درخشاں وراثت کو کامیابی سے آگے بڑھایا ہے. انہوں نے بھوٹان ’کی قابلِ ذکر ترقی کو اجاگر کیا جو بادشاہِ معظم’ کی قیادت میں حاصل ہوئی ہے، نیز بھارت اور بھوٹان کے درمیان دیرینہ دوستی اور قریبی شراکت داری کو بھی نمایاں کیا. وزیرِ اعظم کا مکمل خطاب یہاں دیکھا جا سکتا ہے (لنک)

تھمپو
11 نومبر 2025